مطبوعات

تصدیق احمدیت از جناب سید بشارت احمد صاحب جنرل سیکرٹری جماعت احمدیہ حیدر آباد۔ دکن ضخامت ۲۲۲ صفحہ۔ ملنے کا پتہ :۔ احمدیہ کتاب گھر، جوبلی ہال، افضل گنج، حیدر آباد۔ دکن۔

یہ کتاب، الحاج مولوی محمد الیاس برنی صاحب استاذ معاشیات کلیۂ جامعہ عثمانیہ کی تالیف "قادیانی مذہب" کے جواب میں لکھی گئی ہے۔ لائق مجیب نے نہایت کاوش و محنت سے اپنے پیشوا اور ان کے خلفاء و متبعین کی تحریرات کی تشریح و تاویل کی ہے۔ لیکن مذہبی جوش میں وہ ذرا تہذیب و متانت کے طریق سے ہٹ گئے ہیں مثلاً لکھا ہے :" ان کی پوری کتاب وساوس انگیزی اور دسیسہ کاریوں کا مجموعہ ہے" (ص ۱) " برنی صاحب نے اس اخلاقی کمزوری اور علمی خیانت کا ارتکاب کیا" (ص ۲) " برنی صاحب اپنا یہ مواد فاسد خارج کرلیں" (ص ۴) " اگر یہ حسن ظن صحیح ہے تب بھی حافظہ نہ باشد کی مثال ضرور صادق آتی ہے" (ص ۲۲) " چہ دلاور ست دزدے کہ بکف چراغ دارد" (ص ۴۱)۔ اور اسی طرح کے بکثرت ذاتی حملے ہیں جنھوں نے اس کتاب کو متانت تحریر کے بلند درجہ سے گرادیا ہے۔ مذہبی مباحثہ میں ہمیشہ یہ اصول پیش نظر رکھنا چاہیے کہ سخت الفاظ کے بجائے مضبوط دلائل سے اپنے مذہب کو حق ثابت کیا جائے کیونکہ کسی مذہب کی حقانیت کو الفاظ کی سختی سے نہیں بلکہ دلائل کی مضبوطی ہی سے ثابت کیا جاسکتا ہے۔ جو شخص دلائل کے بجائے الفاظ کی قوت سے کام لیتا ہے وہ دراصل یہ ظاہر کرتا ہے کہ اس کے پاس اپنے مذہب کی تائید میں کافی دلایل نہیں ہیں۔

رہا اصل مسئلہ تو اس کتاب نے برنی صاحب کے الزام کی توثیق کردی ہے۔ فرق صرف یہ ہے کہ برنی صاحب نے مخالفانہ پہلو سے اس الزام کو پیش کیا تھا اور بشارت احمد صاحب نے موافقت کے ساتھ اسی الزام کو تسلیم کرلیا۔ برنی صاحب نے میرزا صاحب کی کتابوں سے یہی ثابت کیا تھا کہ وہ مدعی نبوت تھے۔ "تصدیق احمدیت" کے لائق مولف نے بھی میرزا صاحب کی تحریرات سے اس بات کی تصدیق کی ہے کہ فی الواقع مرزا صاحب کا یہی دعویٰ تھا۔ انھوں نے اپنے اس عقیدے کا

اعلان کیا ہے کہ "جن لوگوں نے حضرت مرزا صاحب کے دعویٰ مسیح موعود و مہدی معہود کو قبول کیا ہے ان کو مجبوراً ان کے لوازم فضیلت اور خصوصیت نبوت کو قبول کرنا پڑے گا"

قادیانی مذہب | از الحاج مولوی محمد الیاس برنی صاحب، استاذ معاشیات کلیہ جامعہ عثمانیہ۔ حیدر آباد۔ دکن ضخامت ۳۴۴ صفحات۔ ملنے کا پتہ :۔ کمال احمد صاحب فاروقی۔ بیت السلام۔ حیدر آباد۔ دکن۔

یہ قادیانی مذہب کا دوسرا ایڈیشن ہے اس میں برنی صاحب نے بہت زیادہ وسعت اور استقصاء کے ساتھ تقریباً ڈھائی سو عنوانات کے تحت مرزا صاحب اور ان کے خلفاء و متبعین کی کتابوں سے ان کی سیرت، انکی تعلیم و دعوت اور ان کے دعاوی نبوت و مہدویت و مسیحیت وغیرہ کے متعلق اقتباسات مہذب و مرتب کئے ہیں۔ اقتباسات کی ترتیب ایسی ہے کہ پڑھنے والا خود بخود اس نتیجہ پر پہنچ جاتا ہے جو لائق مرتب نے ان سے اخذ کیا ہے۔ عنوانات کے سوا مرتب نے اپنی طرف سے کسی رائے کا اظہار نہیں کیا ہے۔

قادیانی حساب | از الحاج پروفیسر الیاس برنی صاحب۔ یہ بھی اسی سلسلے کا ایک مختصر رسالہ ہے جس میں قادیانی جماعت کے مختلف ٹریکٹوں کا جواب دیا گیا ہے جو "قادیانی مذہب" کی اشاعت کے بعد حیدرآباد و بنگلور سے شائع ہوئے تھے۔

یہ دونوں رسائل پتہ بالا سے ۱۰ کے ٹکٹ بھیج کر مفت طلب کئے جا سکتے ہیں۔

رسالہ حسب و نسب | از حکیم محمد عثمان صاحب ضخامت ۵۰ صفحات، قیمت ۵؍ ملنے کا پتہ: حکیم محمد عثمان صاحب، محلہ بیگھہ، شیخپورہ، ضلع مونگیر۔

لائق مؤلف نے تحقیق و جامعیت کے ساتھ کلام اللہ و احادیث سے حسب و نسب کی حقیقت پر بحث کی ہے، اور آجکل حسب و نسب پر جو اعتراضات کئے جاتے ہیں ان کے معقول جواب دیئے ہیں۔

ازبلا | ضخامت ۵۲ صفحات، قیمت ۲؍ ملنے کا پتہ :۔ مینیجر اخبار الجمعیۃ، دہلی۔

الجمعیۃ میں مدتوں ایک تبلیغی افسانہ شائع ہوتا رہا ہے جو اب کتابی صورت میں طبع کیا گیا ہے۔ اس میں ایک

تاریخی واقعہ بیان کیا گیا ہے کہ اسپین کی اسلامی حکومت کے زمانہ میں ایک پادری کی لڑکی کس طرح مسلمان ہوئی۔ مسلمان علماء کے ساتھ لڑکی اور پادریوں کے مناظرے اس تفصیل کے ساتھ درج کیے گئے ہیں کہ مسیحیت اور اسلام کے تقابل کا اچھا خاصہ مواد ان میں مل جاتا ہے۔ تاریخی واقعات کو افسانہ کے رنگ میں اور افسانہ کو مناظرہ کی صورت میں پیش کرنے کا یہ طریقہ خواہ فن فسانہ نگاری کے لحاظ سے کیسا ہی ہو، مگر مسلمانوں کو مذہبی معلومات بہم پہونچانے کے لیے دلچسپ اور مفید ضرور ہے۔

چراغ امین | از جناب فکری سلطان پوری ضخامت ۹۰ صفحات۔ پتہ:۔ کنور احمد اعتبار حسین خان، ہاری مئو، ڈاک خانہ جگدیش پور، ضلع سلطان پور۔

یہ جناب فکری سلطان پوری کے کلام کا مجموعہ ہے، جو دو حصوں میں منقسم ہے، ایک حصہ نظموں پر اور دوسرا غزلوں پر مشتمل ہے زبان اور طرز ادا پسندیدہ ہے۔

مساوات اسلامیہ | از جناب شیر محمد صاحب قادری کاکوروی، نظیر آباد۔ لکھنؤ۔ ضخامت ۴۰ صفحات قیمت ۴ر

اس رسالے میں لائق مؤلف نے مستند مآخذ سے اسلامی مساوات کی حقیقت پر بحث کی ہے اور بتایا ہے کہ اجتماعی مشکلات کے حل میں کہاں تک اس کا دخل ہے۔

خلق عظیم | از قاضی ظہور الحسن صاحب ناظم سیوہاروی ضخامت ۱۲ صفحات قیمت ۴ ر ملنے کا پتہ:۔ قاضی ظہور الحسن صاحب، بمعرفت مولوی فیض الدین صاحب ایڈوکیٹ۔ محلہ عابد شاپ۔ حیدر آباد۔ دکن۔

اس رسالے میں جناب قاضی صاحب نے نہایت خوش اسلوبی اور کامیابی کے ساتھ سیرت نبوی کے واقعات و روایات کو ان کے اصلی خد و خال میں نظم کیا ہے۔

منظر الکرام
مؤلفہ سید منظر علی اشہر

حیدر آباد دکن کے زندہ اکابر و مشاہیر کا تذکرہ۔ جدید حیدر آباد کی علمی شخصیتوں کے متعلق اس سے بہتر ذخیرہ معلومات اب تک مرتب نہیں ہوا۔ سرکار عالی کے سررشتہ تعلیم نے اسکو والہ کی عمدہ کتاب قرار دیکر دفاتر و مدارس تحت کو اسکے خریدنے کی ہدایت کی ہے۔ قیمت چھ روپے مؤلف سے نظام ولنٹیرز کلب خیرت آباد کے پتہ پر طلب کیجیے